اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ○ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

کھانے وغیرہ کے حوالے سے سولات مع جوابات

سوال: - مدرسۃالمدینہ آن لائن میں دورانِ درجہ بعض اوقات اسلامی بھائی چائے کے ساتھ بسکٹ کی بھی ترکیب کرتے ہیں تو بعض اسلامی بھائی نمکو، سموسہ، برگر، شوارما، جوس، بوتل، اور اس جیسی چیزوں کے کھانے کی اجازت چاہتے ہیں تو کیا مدرسین کو دوران درجہ ان چیزوں کے کھانے کی اجازت دی جاسکتی ہے ؟ نیز جب مدرس پڑھا نہیں رہے بلکہ فری وقت میں مطالعہ فرمارہے اور کوئی اور درجہ بھی نہیں کہ جہاں انکی خدمات لی جاسکیں تو اس وقت میں ان کو یہ چیزیں کھانے کی اجازت دی جاسکتی ہے؟اور چونکہ ناظمین کی ذمہ داری تدریس کی نہیں ہوتی ان کیلئے چائے کے ساتھ نمکو یا بسکٹ وغیرہ کھانے کی اجازت ہے یا نہیں ؟ برائے کرم ان تمام صورتوں کے حوالے سے شرعی رہنمائی فرمادیں۔جزاک اللہ خیرا

جواب:

دوران اجارہ پڑھاتے وقت صرف چائے کی اجازت ہو سکتی ہے۔پہلے ناشتہ نہ کرنا اور اجارہ کے وقت آکر ہی برگر شوارما وغیرہ کھانے کا معمول بنانا درست نہیں۔ تدریس کے دوران کھانا غیر سنجیدگی کی علامت ہے طالب علم پر بھی اچھا اثر نہیں پڑتا کہ پڑھانے کے دوران آوازیں بھی جاتی ہیں اور فری ٹائمنگ یا فارغ اوقات میں اگر کوئی اسلامی بھائی کھانا چاہے تو حرج نہیں۔

سوال: اب تک جو مدرسین اسلامی بھائی کبھی فری ٹائمنگ میں کھانے کی ترکیب کرتے تھے اور دوران درجہ بھی چائے کے ساتھ بسکٹ وغیرہ کھاتے تھے ان کی رہنمائی عطا فرمادیں کہ کیا درج ذیل صورتوں میں ان کی کٹوتی ہو گی یا نہیں ؟

(1) کہ جو دوران درجہ بسکٹ وغیرہ تناول فرماتے رہے ان کی کٹوتی ہو گی یا نہیں؟

(2) جو فری ٹائمنگ میں برگر شوارما، یا ایسی چیزیں جنہیں کھانا کہا جاسکے کھاتے پیتے رہے ان کی کٹوتی ہو گی یا نہیں؟

جواب: فری وقت میں تو کٹوتی نہیں ہو گی لیکن دوران درجہ کھانے کی عادت پر کٹوتی ہو گی۔

انس رضا عطاری۔افتاء مکتب لاہور

27 جنوری 2018